
کیا توقع رکھیں: عملی اطوار (اپلائیڈ بیہیویئر)

عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] اطوار کی بامعنی تبدیلی کی معاونت کرنے کا ایک سائنسی طریقہ ہے۔ عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] کئی دہائیوں سے زیر موضوع افراد کی مدد کے لیے اہداف کے حصول اور سیکھنے کی مہارتوں میں ایک مؤثر تدریسی نقطۂ نظر کے طور پر ثابت ہوا ہے۔ عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] کا استعمال آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) لوگوں کی مدد کرنے کے لیے کیا جاتا ہے جو ان کے ارد گرد ہونے والے ماحول اور اس کے حوالے سے ان کے رویے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ یہ عملی اطوار میں جو پہلے اور بعد میں ہوتا ہے اس کے تجزیہ اور تبدیلی کے ذریعے کیا جاتا ہے ۔ عملی اطوار سے مراد وہ کام ہیں جن کو ہم دیکھ سکتے اور ان کی پیمائش کر سکتے ہیں، جیسے کہ کوئی کچھ کہتا ہے یا کرتا ہے، نیز ذاتی طرز عمل جیسے کہ کسی شخص کے خیالات۔

عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] بمقابلہ مداخلت براۓ شدید طرز عمل [انٹینسو بیہیویئرل انٹروینشن (IBI)]

داخلت براۓ شدید طرز عمل [انٹینسو بیہیویئرل انٹروینشن (IBI)]

مداخلت براۓ شدید طرز عمل [انٹینسو بیہیویئرل انٹروینشن (IBI)]، یا جامع عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)]، ایک کل وقتی، مخصوص عملی اطوار [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] کا تجزیاتی پروگرام ہے جو 30 - 40 گھنٹے فی ہفتہ فراہم کیا جاتا ہے اور اس میں اہداف کی ایک وسیع ترتیب شامل ہوتی ہے۔



مرکوزی عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)]

جب کم گھنٹے فراہم کیے جاتے ہیں، اور مرکز محدود ہوتا ہے (یعنی، صرف چند اہداف)، پروگرام کو مرکوزی عملی اطوار کا تجزیہ[اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)]کہا جاتا ہے۔ ایک فرد کی ضروریات پوری زندگی میں بدل سکتی ہیں، اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فی ہفتہ گھنٹوں کی تعداد بھی بدل سکتی ہے۔





عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیویئر اینالیسس (ABA)] مہارت سکھانے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟

سب سے پہلے ان اہداف یا مہارتوں، جو فرد کے لیے با معنی ہوں گے، کی شناخت میں مدد کے لیے ایک تشخیص کی جاتی ہے ۔ ابدافی مہارت کی کچھ مثالوں میں ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ کھیلنا سیکھنا، اپنا نام لکھنا، یا اپنے دانت صاف کرنا شامل ہیں۔ ہنر کو چھوٹے، زیادہ قابل انتظام اقدامات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے بذریعہ سلسلہ جسے کام کا تجزیہ کرنا کہتے ہیں۔ پھر، فہرست میں موجود ہر مرحلہ کی مشق تب تک کی جاتی ہے جب تک کہ مہارت سیکھی نہ جائے۔ کسی کو ہدف کی مہارت کی تکمیل میں مدد کرنے کے لیے اضافی مدد یا اشارے (جنہیں 'پرامپٹس' کہا جاتا ہے) شامل کیے جا سکتے ہیں۔ کچھ مثالوں میں (فرد کی ضروریات اور ترجیحات پر منحصر ہوتے ہوۓ) زبانی، بصری، یا جسمانی اشارے شامل ہو سکتے ہیں ۔ انعامات، جنہیں مثبت امداد کہا جاتا ہے، کسی فرد کی کوشش کو تسلیم کرنے اور انہیں یہ بتانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں کہ وہ صحیح جا رہے ہیں! اس میں ایک اس وقت مثبت مدد فراہم کرنا شامل ہے جب وہ فرد مہارت کا مظاہرہ کرتا ہے تاکہ اس امکان کو بڑھایا جا سکے کہ یہ کام دوبارہ بھی ہو گا۔


Autism ONTARIO

نقصان دہ رویوں کے لیے عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کا استعمال

مداخلتی یا نقصان دہ رویوں کو کم کرنے کے لیے آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) فرد کی مدد کرتے وقت، پریکٹیشنرز (جنہیں عملی اطوار کے تجزیہ کار کہتے ہیں) افراد اور ان کے گھرانوں کے ساتھ ان رویوں کی بنیادی وجوہات کا جائزہ لینے کے لیے کام کرتے ہیں۔ یہ فعال عملی اطوار کی تشخیص کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، وہ فرد کسی چیز سے بچنے یا اس تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔ اس کے بعد، فرد کو اس کی ضروریات اور خواہشات کو آسان اور محفوظ طریقے سے حاصل کرنے میں مدد کے لیے ایک منصوبہ بنایا جاتا ہے۔



ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کام کر رہا ہے؟



سب سے پہلے، کسی فرد کے نقطۂ آغاز کا تعین کرنے کے لیے ہدف کی مہارتوں پر معلومات اکٹھی کی جاتی ہے (جسے "بیس لائن ڈیٹا" کہا جاتا ہے)۔ فرد کی پیشرفت کو بہتر انداز میں دیکھنے کے لیے معلومات کو گراف میں ڈالا جاتا ہے۔ ایک بار تدریس شروع ہونے کے بعد، ہدف کی مہارتوں پر معلومات کو مسلسل جمع کیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا پروگرام ٹھیک چل رہا ہے یا اس میں ترمیم کی ضرورت ہے [6]۔ جو کام کر رہا ہے اسے برقرار رکھنے اور جو کام نہیں کر رہا ہے اس میں ترمیم یا تبدیلی کے لیے پروگراموں کو موافق کیا جا سکتا ہے۔

صحیح عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کے فراہم کنندہ کا انتخاب

فراہم کنندہ کا انتخاب کرتے وقت، یہ جاننا ضروری ہے کہ ہر فراہم کنندہ اپنی ٹیم کو مختلف طریقے سے تشکیل دیتا ہے۔ تمام ٹیموں میں جو چیز مشترک ہے وہ یہ ہے کہ ان کی نگرانی کوئی ایسا شخص کرتا ہے جس کی ماسٹرز کی سطح یا اس سے زیادہ کی تعلیم ہو اور عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] میں تربیت یافتہ ہو۔ آنٹیریو میں، عملی اطوار کے تجزیہ کار صحت کی دیکھ بھال کے باقاعدہ پیشہ ور افراد بننے کے عمل میں ہیں [3]۔ بورڈ سے تصدیق شدہ عملی اطوار کے تجزیہ کار (®BCBAs) یا ڈاکٹریٹ کی سطح پر بورڈ سے تصدیق شدہ عملی اطوار کے تجزیہ کار (®BCBA-Ds) اور کچھ طبی ماہر نفسیات یا نفسیاتی شریک کار جنہوں نے عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] میں تربیت حاصل کی ہے وہ عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کے پروگراموں کی نگرانی کر سکتے ہیں۔

آٹزم آنٹیریو کے پاس تصدیق شدہ فراہم کنندگان کی ایک فہرست ہے جسے آنٹیریو آٹزم پروگرام (OAP) کے فراہم کنندگان کی فہرست کہا جاتا ہے، تاکہ آپ کو ایسے عملی اطوار کے تجزیہ کار کو تلاش کرنے میں مدد ملے جو آپ اور آپ کے گھرانے کی مدد کر سکے۔

Autism ONTARIO

آگے کیا ہوتا ہے؟

ایک بار جب آپ کو فراہم کنندہ مل جاتا ہے، تو آپ کو اس بات کا تعین کرنے کے لیے ان سے ملنا چاہیے کہ آیا وہ آپ اور آپ کے گھرانے کے لیے موزوں ہے یا نہیں۔ اس کے بعد آپ سے خدمات کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ یہ تحریری معاہدہ فراہم کی جانے والی خدمات کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ اسے پڑھنے اور سوالات کرنے کے لیے وقت نکالیں۔ اگر کچھ سمجھ نہ آئے تو وضاحت طلب کریں۔ آگے کیا ہوتا ہے؟ اگلا مرحلہ عملی اطوار کی تجزیاتی تشخیص ہے؛ عملی اطوار کا تجزیہ کار مختلف حلقۂ عمل یا مہارت کے شعبوں میں ان مختلف جائزوں کا استعمال کرتے ہوئے مہارتوں کا جائزہ لے گا ، جو کسی کی استعداد اور ضروریات کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔ تشخیص مکمل ہونے کے بعد فرد، اس کے گھرانے اور عملی اطوار کے تجزیہ کار کے ذریعے اہداف کی شناخت کی جاتی ہے۔ اہداف کو فرد کی ضروریات، اقدار اور ثقافت کی عکاسی کرنی چاہیے۔ آغاز سے پہلے آپ کے جائزہ لینے اور منظور کرنے کے لیے ایک انفرادی پروگرام یا پروگراموں کا مجموعہ تیار کیا جائے گا۔ کیا سکھانا ہے اور کیسے سکھانا ہے، حلقۂ عمل پر ہر فرد کے لیے منفرد ہے۔



یاد رکھنے کے لیے کچھ باتیں

عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کا میدان ہمیشہ بتدریج تیار ہوتا ہے۔ عملی اطوار کے تجزیہ کار تصدیقی بورڈ (بیہیوئیر اینالسٹ سرٹیفیکیشن بورڈ®) تصدیقی ضروریات، بشمول اخلاقی ہدایات کو مسلسل اپ ڈیٹ کرتا ہے، ان افراد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جو عملی اطوار کا تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کی خدمات استعمال کرتے ہیں۔ یہ مستقبل کے صوبائی قوانین کے ساتھ، افراد اور ان کے گھرانوں کو معیاری عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کے فراہم کنندگان تک رسائی میں مدد کرے گا۔

عملی اطوار کے تجزیہ [اپلائیڈ بیہیوئیر اینالیسس (ABA)] کے پروگرام سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) فرد اور ان کے اہل خانہ سوالات کریں، خود ترغیب دیں، اور سیکھنے کے اس تجربے کو، جو کہ آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کی بہترین مدد کرتا ہے، یقینی بنانے کے لیے اس میں شامل ہوں ۔

جب پروگرام شروع ہوتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

جب پروگرام شروع ہوتا ہے، ٹیم اہداف پر کام کرنے سے پہلے اس فرد کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لیے وہ چیزیں کرنا شروع کر دے گی جس سے وہ لطف اندوز ہوتا ہے۔ ایک بار جب تعلق قائم ہو جاتا ہے، تو ٹیم فرد کے ساتھ طے شدہ مہارتوں کے ہدف پر کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔ اس سیکھنے کے عمل میں بہت زیادہ مشق اور تواتر شامل ہے۔ گراف شدہ معلومات کا جائزہ لے کر گھرانوں کے ساتھ باقاعدگی سے پیش رفت کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ٹیم سیکھنے کے پورے عمل میں آپ کے گھرانے کو شامل کرے گی۔ یہ سمجھنے کا ایک اہم قدم ہے کہ گھر اور لوگوں کے درمیان اپنے پیارے کی بہترین مدد کیسے کی جائے۔ ایک بار جب فرد اپنے اہداف پورے کر لیتا ہے تو، عملی اطوار کا تجزیہ کار فرد اور اس کے گھرانے سے اگلے مراحل کا تعین کرنے کے لیے ملاقات کرتا ہے، جیسے کہ فارغ کرنے اور آگے بڑھنے کی منصوبہ بندی۔



Autism ONTARIO